29/01/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے اتراکھنڈ دہرا دون میں کل 38 ویں نیشنل گیمز کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر وزیر اعظم نے کہا کہ کھیل ملک کی مجموعی ترقی کے لئے کافی اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ بھارت دنیا کی تیسری بڑی معیشت کے طور پر ابھر رہی ہے ۔

انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ کھیلوں میں حصہ لےں تاکہ وہ اپنے آپ کو صحت مند رکھیں ۔

ISRO

بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم (اسرو)نے آج آندھرا پردیش کے سر ی ہری کوٹہ سپیس سینٹر سےGSLV F15 کے ذریعے NVS-02 سیٹلائٹ کو کامیابی کے ساتھ خلاءمیں بھیجا ۔

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اس اہم کامیابی پر اسرو کی ٹیم کی سراہنا کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک تاریخی کامیابی ہے جو کہ پورے ملک کے لئے اعزاز کی بات ہے۔

اسرو کے چیرمین ڈاکٹر وی ناراینن نے بھی اس کامیابی پر پوری اسرو کی ٹیم کو مبارک با ددی ہے ۔

ایوارڈ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں ایک نجی ٹیلی ویژن چینل کی جانب سے منعقدہ کنکلیو کے دوران مہاراجہ ہری سنگھ ایوارڈ عطا کرنے کی ایک تقریب میں شرکت کی اور مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی دکھانے والوں میں ایوارڈ تقسیم کئے۔ تقریب کے دوران پہلے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کو اعزاز دیا گیا۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا ۔

بارہمولہ

MSME کی مرکزی وزیر مملکت شوبا کرند لاجے نے بارہمولہ میں افسران کی ایک میٹنگ کے دوران ایسپریشنل ڈسٹرکٹ پروگرام کے تعلق سے نیتی آیوگ کے مختلف نکات کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے مختلف شعبوں کی کارکردگی اورحصولیابیوں کا بھی جائزہ لیا ۔

بعد میں صحافیوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا کہ مرکزی سرکار ایسپریشنل ڈسٹرکٹ پروگرام کے ذریعے بارہمولہ کو ترقی یافتہ بنانے کی وعدہ بند ہے ۔

جاوید رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید رانا نئی دلی میں مرکزی وزیر جوال اورام کے ساتھ ملاقات کرکے جموں کشمیر میں قبائلی طبقوں کی فلاح و بہبود کے لئے ترتیب دئے گئے نقش راہ پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ اس موقعہ پر جاوید رانا نے قبائلی اضلاع میں 15 اِکلویہ ماڈل ریزڈنشل سکول قائم کرنے کی مانگ کی ۔

اس کے علاوہ انہوں نے قبائلی علاقوں میں پچاس ٹیلی میڈسن سینٹر ، تیس بستروں والے چھ اسپتال اور ایڈوانسڈ ایمبولنسز دستیاب رکھنے کی بھی تجویز پیش کی ۔

مرکزی وزیر نے اس ضمن میں جموں کشمیر سرکار کی کوششوں کی سراہنا کرتے ہوئے مرکز کی جانب سے جامع معاونت کا یقین دلایا۔

KPDCL

کشمیر پاور ڈسٹریبوشن کارپوریشن لمیٹیڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر محمود احمد شاہ نے بڈگام ضلع میں بجلی کی مجموعی صورتحال کے بارے میں ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ کے دوران منیجنگ ڈائریکٹر کو پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے بارے میں تفصیلی جانکاری دیتے ہوئے کہا گیا کہ ضلع میں اب تک محکمے نے تین ہزار 275 درخواستیں وصول کی ہیں جبکہ 45 کیسوں کی منظوری دی گئی ہے ۔

پارلیمنٹ اجلاس

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے پہلے حکومت کل ایک کُل جماعتی میٹنگ بلا رہی ہے ۔ پارلیمنٹ کا اجلاس جمعہ سے شروع ہو رہا ہے ۔ ہفتے کے روز وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن پارلیمنٹ میں 2025-26 کا مرکزی بجٹ پیش کریں گی ۔

بیٹنگ ریٹریٹ تقریب

یوم جمہوریہ کے تقریبات کے سلسلے میں آج نئی دلی کے وجے چوک پر فوجیوں کی واپسی بیٹنگ ریٹریٹ تقریب منعقد کی جا رہی ہے ۔

اس موقعہ پر نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ ، وزیر اعظم نریندر مودی ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور دیگر وزراءبھی موجود ہوں گے ۔ اس تقریب پر قریباً تیس طرح کی کارکردگیاں پیش کی جا رہی ہےں ۔

تجاویز

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل پر بھیج سکتے ہیں ۔ akashvanisrinagarnews@gmail.com ایڈرس

بھارت پرو

آکاشوانی ،یوم جمہوریہ کے تناظر میں26جنوری سے 31جنوری تک ”بھارت پروو “منا رہا ہے۔ اس دوران ملکی آئین کے مختلف گوشوں کو اجا گر کیا جائے گا ۔ واضح رہے کہ 1950میں 26جنوری کو ہی بھارتی آئین کا نفاذ عمل میں لایا گیا تھا ۔ یہ دن عوام کو آئین میں موجود اقدار کو بالا دست رکھنے کی یاد دہانی کراتا ہے جن سے سبھی کیلئے انصاف ، مساوات اور وقار کی یقینی دہانی ہوتی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****